سوال

(428) حمل کے دوران بچے کو دودھ پلانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اپنے دس ماہ کے بچے کو دودھ پلا رہی ہوں اور مجھے حمل بھی ہے، تو کیا مجھے حمل کی وجہ سے اپنے بچے کو دودھ پلانے سے رک جانا چاہیے یا میں حمل کے باوجود دودھ پلاتی رہوں؟ اور کیا دوران حمل بچے کو دودھ پلانا حرام یا حلال ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوران حمل بچے کو دودھ پلانے کے متعلق کسی ماہر ڈاکٹر کی رائے پر عمل کرنا چاہیے اگر تو وہ کہے کہ دوران حمل بچے کو دودھ پلانا حمل کے لیے نقصان دہ نہیں اور نہ ہی دودھ پینے والے بچے کی صحت پر اثر انداز ہوتا ہے تو دودھ پلانے میں کوئی حرج نہیں اور دودھ پلانا جائز ہے لیکن اگر دودھ پلانا حمل یا دودھ پینے والے بچے کے لیے نقصان دہ ہو تو آپ بچے کو دودھ نہ پلائیں۔ (واللہ اعلم) (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص517

محدث فتویٰ